**20.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

**Music**

-----------------------------

- ☆ وزیراعظم نریندر مودی بھارت-اٹلی اقتصادی اشتراک کو فروغ دینے کیلئے آج Rome میں اٹلی کی اپنی ہم منصب Giorgia Meloni سے بات چیت کریں گے۔
- ☆ وزیراعظم مودی اور Giorgia Meloni نے بھارت-اٹلی کلیدی شراکت داری کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل نمایاں کیا ہے، ایک مشترکہ مضمون میں انہوں نے مختلف اقتصادی اقدامات کو اُجاگر کیا۔
- ☆ دفاعی تحقیق کی بھارتی تنظیم DRDO نے ٹھیک نشانے پر وار کرنے والے ڈرون میزائل V-3 کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔
- ☆ سپریم کورٹ نے ذات پر مبنی مردم شماری کے عمل کے سلسلے میں مرکز کے فیصلے کو چیلنج کرنے والی درخواست کو مسترد کردیا ہے۔
- ☆ ملک کے شمالی اور وسطی حصوں میں شدید گرمی جاری ہے۔ مختلف مقامات پر درجہ حرارت 44 ڈگری سیلسیس سے تجاوز کر گیا۔
- ☆ اور IPL کرکٹ میں، آج ایڈن گارڈنس میں کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔

-----------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-MELONI**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ وہ آج اٹلی کی اپنی ہم منصب Giorgia Meloni کے ساتھ بات چیت کے منتظر ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اِس میٹنگ میں بھارت-اٹلی تعلقات کو مستحکم بنانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ روم پہنچنے کے بعد انہیں ڈِنر پر وزیر اعظم Meloni سے ملاقات کرنے اور تاریخی

Colosseum جانے کا موقع ملا۔ جناب مودی نے کہا کہ دونوں رہنماؤں نے مختلف موضوعات پر اپنا اپنا نقطۂ نظر پیش کیا۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ آج کی بات چیت میں بھارت-اٹلی دوستی کو فروغ دینے پر گفتگو کا سلسلہ جاری رہے گا۔

اِس دوران وزیراعظم مودی اٹلی کی اپنی ہم منصب Giorgia Meloni اور صدر Sergio Mattarella کے ساتھ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت اور اٹلی کے درمیان تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ وزیراعظم مودی کے دورے کے دوران بھارت اور اٹلی کے درمیان تعاون کو فروغ دینے، خاص طور سے بھارت-مغربی ایشیا-یوروپ اقتصادی کوریڈور پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ مشترکہ کلیدی عملی منصوبے 2025 سے 2029 تک کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ جناب مودی خوراک اور زراعت کی تنظیم کے صدر دفتر کا بھی دورہ کریں گے اور کثیرجہتی نظام اور پوری دنیا میں خوراک کی یقینی فراہمی کے بھارت کے عہد کو مزید مستحکم کریں گے۔×

## ARTICLE INDIA-ITALY PM

بھارت اور اٹلی کے درمیان تعلقات میں گزشتہ برسوں میں خاطر خواہ پیش رفت ہوئی ہے اور اب یہ ایک فیصلہ کُن مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اور اٹلی کی اُن کی ہم منصب جیورجیا میلونی کی جانب سے تحریر کردہ ایک مشترکہ مضمون میں دونوں رہنماؤں نے اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان رشتے خوشگوار دوستی سے خصوصی کلیدی شراکت داری میں تبدیل ہوگئے ہیں، جو جمہوریت اور مستقبل کے مشترکہ نظریئے پر مبنی ہیں۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات کا ذکر کیا ہے کہ ایک ایسے وقت میں کہ جب عالمی نظام میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہورہی ہیں، بھارت-اٹلی شراکت داری میں اعلیٰ ترین سیاسی اور ادارہ جاتی سطحوں پر مسلسل رابطوں سے پیش رفت ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس شراکت داری کو نئی سمت مل رہی ہے، جسے اقتصادی انفرادیت، سماجی اختراع اور دونوں ملکوں کے درمیان صدیوں پرانی تہذیب سے تحریک حاصل ہے۔

دونوں رہنماؤں نے اس مضمون میں کہا ہے کہ اُن کے اشتراک سے اس مشترکہ سمجھ کی عکاسی ہوتی ہے کہ 21 ویں صدی میں خوشحالی اور سکیورٹی کا انحصار ملکوں کی اختراع، توانائی کے بندوبست، منتقلی اور اقتدار اعلیٰ کو مستحکم کرنے کی صلاحیت پر ہوگا۔ دو قومی روناموں میں شائع مضمون میں دونوں رہنماؤں نے نئے اہداف کی حصولیابی اور اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے باہمی تعلقات کو مستحکم کرنے اور وسعت دینے کے اپنے عہد کا اعادہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کا مقصد اٹلی کی ڈیزائن اور مینوفیکچرنگ کی مہارت اور بھارت کی تیز رفتار ترقی، انجینئرنگ کی صلاحیت، اختراع کے ایکو نظام اور کاروباری مضبوطی کے درمیان مزید تال میل پیدا کرنا ہے۔×

## DRDO-MISSILE TRAIL

بھارت نے آتم نربھر بھارت پہل کے تحت اندرونِ ملک اپنی دفاعی صلاحیتوں کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اور اہم قدم

اُٹھایا ہے۔ دفاعی تحقیق و ترقی کی تنظیم DRDO نے بنا پائلٹ والے Aerial Vehicle سے داغے گئے Precision Guided Misslile کی تیاری کی کامیاب فائنل آزمائش کی، جو ملک کے دفاعی شعبے کیلئے ایک اہم حصولیابی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C: Allu Murali

*یہ آزمائش آندھراپردیش میں Kurnool کے نزدیک DRDO کے Test Range میں فضا سے زمین پر اور فضا سے فضا میں، دونوں طریقوں سے کی گئی۔ آزمائش کے دوران میزائل نظام کو ایک جدید مربوط گراؤنڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے عمل میں لایا گیا۔ اِن آزمائشوں سے جنگ کی مختلف صورتحال میں میزائل کی ٹھیک نشانے پر وار کرنے کی صلاحیت اور معتبریت کا کامیاب مظاہرہ ہوا۔ اِس میزائل کو ریسرچ سینٹر Imarat حیدرآباد نے DRDO کی دیگر لیباریٹریوں کے اشتراک سے تیار کیا گیا ہے۔مکمل طور پر اندورنِ ملک تیار کئے گئے اِس میزائل سے بھارت کے گھریلو دفاعی مینوفیکچرنگ ایکو نظام کی بڑھتی ہوئی طاقت کا اظہار ہوتا ہے۔*

*وجے واڑہ سے Allu Murali کی رپورٹ کے ساتھ اردوخبروں کیلئے میں......*

## SC CAST ENUMERATION

سپریم کورٹ نے آج اُس درخواست کو خارج کردیا ہے، جس میں آنے والی مردم شماری کے ایک حصے کے طور پر ذات پر مبنی مردم شماری کرائے جانے کے مرکز کے فیصلے کو چیلنج کیا گیا تھا۔ سپریم کورٹ نے کہاکہ یہ معاملہ سرکار کے پالیسی کے دائرے میں آتا ہے۔ چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی ایک بنچ نے کہا کہ سرکار یہ جاننا چاہتی ہے کہ پسماندہ طبقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی تعداد کتنی ہے، تاکہ اُن کیلئے فلاحی اقدامات کئے جاسکیں۔ بنچ نے کہا کہ اِس طرح کے اعدادوشمار اکٹھا کرنا کوئی غلط بات نہیں ہے اور اُس نے اِس معاملے میں مداخلت کرنے سے انکار کردیا۔×

## RAJNATH SOUTH KOREA

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے آج Seoul میں جنوبی کوریا کے اپنے ہم منصب Ahn Gyu Back کے ساتھ میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران بھارت اور جنوبی کوریا کے درمیان دفاع، دفاعی صنعت اور اہم نوعیت کے اشتراک کو مزید مستحکم کئے جانے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ دونوں ممالک علاقائی امن، استحکام اور ٹیکنالوجی میں اشتراک کے تئیں عہدبند ہیں۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب سنگھ نے کہا کہ یہ میٹنگ انتہائی سودمند رہی اور بھارت اور جنوبی کوریا نے دفاعی سائبر اشتراک کو فروغ دینے کے بارے میں سمجھوتوں کا تبادلہ کیا۔ مفاہمت کے اقرارناموں کا تبادلہ بھارت کے نیشنل ڈیفنس کالج، کوریا نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی اور اقوامِ متحدہ قیامِ امن اشتراک کے درمیان کیا گیا۔ وزیرموصوف نے کہا کہ وہ دونوں ملکوں

کے درمیان خصوصی اسٹریٹجک ساجھیداری کو مستحکم کئے جانے کے منتظر ہیں۔×

## CHINA XI-PUTIN TALKS

چین کے صدر XI Jinping اور روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے آج بیجنگ میں بات چیت کی، جس میں دوطرفہ تعلقات اور ایران، یوکرین اور بین الاقوامی تجارت سمیت اہم عالمی امور پر توجہ مرکوز کی گئی۔ چین کی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ اِس بات چیت سے چین اور روس کے درمیان اسٹریٹجک ساجھیداری مستحکم ہوگی اور اقوام متحدہ، SCO اور BRICS جیسے فورموں کے ذریعے اشتراک میں اضافہ ہوگا۔ دونوں ملکوں نے تجارت، توانائی اور سلامتی کے شعبوں میں بڑھتے ہوئے تعاون کو بھی اُجاگر کیا۔ دونوں ملکوں کے درمیان دوطرفہ تجارت 200 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔×

## PUNJAB DRUGS

پنجاب پولیس نے دبئی میں قائم منشیات کی اسمگلنگ کے ایک بین الاقوامی گروہ کا پتہ لگایا ہے، جو ابوظہبی سے اپنی کارروائیاں انجام دے رہا تھا اور ساتھ ہی ساتھ ریاست پنجاب کے سرحدی حصے اور قومی راجدھانی دلّی میں منشیات پہنچا رہا تھا۔ امرتسر پولیس کمشنر کے دفتر کی جانب سے یہ کارروائی انجام دی گئی، جس کے تحت 10 کلوگرام ICE اور چار کلوگرام ہیروئن کے ساتھ منشیات کے دو اسمگلروں کو گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان میں سے ایک حال ہی میں دبئی سے واپس آیا ہے۔ اس معاملے میں مزید تحقیقات جاری ہے۔×

## PUNJAB-HARYANA WEATHER

پنجاب اور ہریانہ میں شدید گرمی جاری ہے اور دونوں ریاستوں میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40 اور 47 ڈگری سیلسیس کے درمیان رہ رہا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے پہلے ہی خطے کیلئے اورنج الرٹ جاری کیا ہے۔ چنڈی گڑھ میں واقع موسمیات کے محکمے کے ڈائریکٹر سریندر پال نے آکاشوانی کو بتایا کہ موسم بدستور خشک رہے گا اور آئندہ تین سے چار دنوں میں درجہ حرارت میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ دونوں ریاستوں کے مغربی اضلاع میں گرمی میں اور تیزی آسکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں پنجاب کے فریدکوٹ میں درجہ حرارت 47 اعشاریہ تین ڈگری سیلسیس رہا، جبکہ روہتک میں درجہ حرارت 46 اعشاریہ نو ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔×

## RAJSTHAN HEATWAVE

راجستھان کے زیادہ تر ضلع اس وقت شدید گرمی کی گرفت میں ہیں۔ محکمہ موسمیات نے شدید گرمی کے سبب آج دو

ضلعوں کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ 14 ضلعوں کیلئے Yellew الرٹ جاری کیا ہے۔ شدید گرمی کے سبب ریاست بھر میں لوگ بے حد پریشان ہیں۔ زیادہ تر ضلعوں میں دن کا درجہ حرارت 42 سے 46 ڈگری کے درمیان برقرار ہے، جبکہ رات میں بھی یہ 26 سے 31 کے درمیان ہے۔ محکمہ موسمیات نے اگلے تین دن تک اسی طرح کا موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اس ہفتے کے دوران ملک کے شمال مغربی اور وسطی حصوں میں شدید سے بہت شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق دلّی، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اڈیشہ، چھتیس گڑھ، راجستھان، تلنگانہ اور اتراکھنڈ میں آئندہ چار روز کے دوران گرمی میں تیزی آنے کا امکان ہے۔ اس دوران آسام، میگھالیہ، کیرالم، ماہے، سکم، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل اور انڈمان ونکوبار جزائر میں کل تک شدید بارش ہوسکتی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے بہار، ہماچل پردیش، اندرونی کرناٹک، جھارکھنڈ، لکشدیپ میں آئندہ دو روز کیلئے گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔×

**IPL-CRICKET**

IPL کرکٹ میں کل رات جے پور کے سوائے مان سنگھ اسٹیڈیم میں ویبھو سوریہ ونشی کے شاندار 93 رن کی اننگز کی بدولت راجستھان رائلس نے لکھنؤ سُپر جائنٹس کو 7 وکٹ سے ہرادیا۔ لکھنؤ سپر جائنٹس نے راجستھان رائلس کو 221 رن کا جیت کا نشانہ دیا تھا، جسے اُس نے آسانی سے حاصل کرلیا۔ اس سے قبل راجستھان رائلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

آج کولکاتا کے ایڈن گارڈنس میں کولکاتا نائٹ رائڈرس کا مقابلہ ممبئی انڈینس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆